بسم اللہ الرحمن الرحیم

# المسائل والدلائل

تالیف

شیخ الحدیث حضرت مولانا فیض احمد صاحب ملتانی دامت برکاتہم

دورۂ حدیث و مشکوٰۃ شریف کے اساتذہ
طلباء و طالبات کے لئے نایاب علمی و تحقیقی تحفہ

ناشر

مکتبہ حقانیہ

ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان

نام کتاب: المسائل والدلائل
تالیف: شیخ الحدیث حضرت مولانا فیض احمد صاحب زید مجدھم
ناشر: مکتبہ حقانیہ ملتان
باہتمام: حافظ فاروق احمد و حافظ مسعود احمد
کمپوزر کمپوزنگ حافظ یاسر لطیف قریشی۔ آر۔ ایس کمپوزرز ملتان

| | | | |
|---|---|---|---|
| مقدمہ | ۹ | باب ما جآء فی نضح بول الغلام | ۴۹ |
| اسلامی فقہ اسلامی قانون ہے | ۱۱ | باب ما جآء فی بول ما یو کل لحمہ | ۵۱ |
| کتاب الطهارة | ۱۵ | مسئلہ تداوی بالحرام | ۵۳ |
| مسئلہ فاقد الطهورین | ۱۵ | باب الوضوء من النوم | ۵۴ |
| باب ما جآء أن مفتاح الصلاة الطهور | ۱۶ | باب الوضوء مما غیرت النار | ۵۵ |
| تحریم الصلاة التکبیر | ۱۷ | باب الوضوء من لحوم الابل | ۵۶ |
| تحلیل الصلاة التسلیم | ۱۸ | باب الوضوء من مس الذکر | ۵۷ |
| باب النهی عن استقبال القبلة بغائط أو بول | ۱۹ | باب ترک الوضوء من القبلة | ۵۹ |
| باب النهی عن البول قائما | ۲۲ | باب الوضوء من الدم | ۶۲ |
| باب الاستنجاء بالحجارة | ۲۳ | باب الوضوء بالنبیذ | ۶۴ |
| باب ماجآء فی السواک | ۲۴ | باب ما جآء فی سور الکلب | ۶۷ |
| باب ما جآء اذا استیقظ أحدکم من نومه | ۲۶ | باب ما جآء فی سور الهرة | ۷۱ |
| باب ما جآء فی التسمیة عند الوضوء | ۲۶ | باب المسح علی الخفین | ۷۲ |
| باب ما جآء فی المضمضة و الاستنشاق | ۲۷ | باب المسح علی الخفین للمقیم و للمسافر | ۷۳ |
| باب المضمضة و الاستنشاق من کف واحد | ۲۹ | باب المسح علی الخفین اعلاه و اسفله | ۷۴ |
| باب تخلیل اللحیة | ۳۱ | باب فی المسح علی الجوربین و النعلین | ۷۵ |
| باب ما جآء فی مسح الرأس | ۳۲ | باب فی المسح علی الجوربین و العمامة | ۷۷ |
| باب ما جآء أن مسح الرأس مرة | ۳۳ | باب هل تنقض المرأة شعرها عند الغسل | ۷۹ |
| باب ما جآء أنه یأخذ لرأسه مآء جدیدا | ۳۴ | باب إذا التقی الختانان وجب الغسل | ۷۹ |
| باب مسح الاذنین | ۳۵ | باب المنی یصیب الثوب | ۸۱ |
| باب فی تخلیل الاصابع | ۳۶ | باب فی الجنب ینام قبل أن یتوضأ | ۸۴ |
| باب ما جآء ویل للاعقاب من النار | ۳۷ | باب التیمم للجنب | ۸۵ |
| باب المندیل بعد الوضوء | ۳۸ | باب فی المستحاضة | ۸۶ |
| باب الوضوء بالمد | ۳۹ | باب ما جآء فی الجنب و الحائض انهما | ۹۴ |
| باب کراهیة فضل طهور المرأة | ۴۲ | لا یقرأن القرآن | |
| باب ما جآء أن الماء لا ینجسه شئ | ۴۲ | باب فی مباشرة الحائض | ۹۴ |
| باب فی مآء البحر انه طهور | ۴۸ | باب فی الحائض تتناول الشئ من المسجد | ۹۵ |

| | |
|---|---|
| باب ما جآء فی کم تمکث النفساء | ۹۶ |
| باب ما جآء فی التیمم | ۹۷ |
| باب ما جآء فی البول یصیب الارض | ۱۰۰ |
| ابواب الصلاة | ۱۰۳ |
| باب ما جآء فی مواقیت الصلاة | ۱۰۳ |
| باب ما جآء فی التغلیس بالفجر | ۱۱۰ |
| باب ما جآء فی الاسفار بالفجر | ۱۱۰ |
| باب ما جآء فی تعجیل الظهر | ۱۱۳ |
| باب ما جآء فی تاخیر الظهر فی شدة الحر | ۱۱۳ |
| باب ما جآء فی تعجیل العصر | ۱۱۵ |
| باب ما جآء فی تاخیر العصر | ۱۱۵ |
| باب ما جآء فی الوقت الاول من الفضل | ۱۱۷ |
| باب ما جآء فی تعجیل الصلاة إذا اخر الامام | ۱۱۸ |
| باب ما جآء فی النوم عن الصلاة | ۱۱۸ |
| باب ما جآء فی الرجل ینسی الصلاة | ۱۱۸ |
| باب ما جآء فی الرجل الذی تفوته الصلوات اه | ۱۲۰ |
| باب ما جآء فی الصلاة بعد العصر | ۱۲۱ |
| باب ما جآء فی الصلاة قبل المغرب | ۱۲۳ |
| باب ما جآء فیمن ادرک رکعة قبل ان تغرب الشمس | ۱۲۴ |
| باب بدء الاذان | ۱۲۶ |
| باب ما جآء فی الترجیع فی الاذان | ۱۲۷ |
| باب ما جآء فی إفراد الاقامة | ۱۲۸ |
| باب ما جآء فی ان الاقامة مثنی مثنی | ۱۲۸ |
| باب ما جآء فی الاذان باللیل | ۱۳۲ |
| باب کراهیة ان یاخذ المؤذن علی اذانه اجرا | ۱۳۳ |
| باب ما جآء فیمن سمع النداء فلا یجیب | ۱۳۵ |
| باب ما جآء فی الرجل یصلی وحده ثم یدرک الجماعة | ۱۳۷ |
| باب ما جآء فی الجماعة فی مسجد قد صلی فیه | ۱۳۸ |
| باب ما جآء فی کراهیة الصف بین السواری | ۱۳۹ |
| باب ما جآء فی الصلاة خلف الصف وحده | ۱۴۰ |
| باب من احق بالامامة | ۱۴۱ |
| باب ما یقول عند افتتاح الصلاة | ۱۴۲ |
| باب ما جآء فی ترک الجهر ببسم الله الرحمن الرحیم | ۱۴۴ |
| باب ما جآء انه لا صلاة إلا بفاتحة الکتاب | ۱۴۸ |
| باب ما جآء فی التامین | ۱۵۱ |
| باب ما جآء فی وضع الیمین علی الشمال فی الصلاة | ۱۵۷ |
| باب رفع الیدین عند الرکوع | ۱۶۰ |
| باب فیمن لا یقیم صلبه فی الرکوع و السجود | ۱۶۶ |
| باب ما یقول إذا رفع رأسه من الرکوع | ۱۶۸ |
| باب ما جآء فی وضع الیدین قبل الرکبتین فی السجود | ۱۶۸ |
| باب ما جآء فی السجود علی الجبهة و الانف | ۱۷۰ |
| باب کیفیة النهوض من السجود | ۱۷۰ |
| باب ما جآء فی التشهد | ۱۷۱ |
| باب کیف الجلوس فی التشهد | ۱۷۳ |
| باب ما جآء فی الاشارة | ۱۷۴ |

| | |
|---|---|
| باب ما جآء في التسليم في الصلاة | ۱۷۶ |
| باب ما يقول إذا سلم | ۱۷۷ |
| باب ما جآء في القراءة خلف الامام | ۱۸۰ |
| يتبع سكتاة الامام | ۱۹۳ |
| باب لا تشد الرحال إلا إلى ثلاثة مساجد | ۱۹۵ |
| باب ما لا يقطع الصلاة شئ | ۱۹۷ |
| باب ما جآء إذا صلى الامام قاعدا فصلوا قعودا | ۱۹۸ |
| باب ما جآء في الاشارة في الصلاة | ۱۹۹ |
| باب ما جآء في طولْ القيام في الصلاة | ۲۰۰ |
| باب ما جآء في كثرة السجود | ۲۰۰ |
| باب ما جآء في سجدتي السهو قبل السلام | ۲۰۱ |
| باب ما جآء في سجدتي السهو بعد السلام | ۲۰۱ |
| باب ما جآء في التشهد في سجدتي السهو | ۲۰۲ |
| باب ما جآء فيمن يشک في الزيادة و النقصان | ۲۰۳ |
| باب ما جآء في القنوت في صلاة الفجر | ۲۰۴ |
| باب في ترک القنوت | ۲۰۴ |
| باب ما جآء في نسخ الكلام في الصلاة | ۲۰۶ |
| باب ما جآء لا صلاة بعد الفجر إلا ركعتين | ۲۰۸ |
| باب ما جآء في الاضطجاع بعد ركعتي الفجر | ۲۰۹ |
| باب ما جآء إذا اقيمت الصلاة فلا صلاة إلا المكتوبة | ۲۱۰ |
| باب ما جآء فيمن تفوت الركعتان قبل الفجر اه | ۲۱۲ |
| باب ما جآء في إعادتهما بعد طلوع الشمس | ۲۱۳ |
| باب ما جآء في الاربع قبل الظهر | ۲۱۳ |
| باب ما جآء ان صلاة الليل مثنى مثنى | ۲۱۴ |
| ابواب الوتر | ۲۱۶ |
| باب ما جآء في القنوت في الوتر | ۲۲۲ |
| باب ما جآء في الرجل ينام عن الوتر او ينسى | ۲۲۴ |
| باب ما جآء في الوتر على الراحلة | ۲۲۵ |
| باب ما جآء في صفة الصلاة على النبي ﷺ | ۲۲۶ |
| ابواب الجمعة | ۲۲۸ |
| باب في الساعة التي ترجى في يوم الجمعة | ۲۲۸ |
| باب ما جآء في الاغتسال في يوم الجمعة | ۲۲۹ |
| باب ما جآء كم يؤتى إلى الجمعة | ۲۳۲ |
| باب ما جآء في وقت الجمعة | ۲۳۲ |
| باب في الركعتين اذا جآء الرجل و الامام يخطب | ۲۳۴ |
| باب كراهية الكلام و الامام يخطب | ۲۳۷ |
| باب ما جآء في اذان الجمعة | ۲۳۸ |
| باب ما جآء في الكلام بعد نزول الامام عن المنبر | ۲۳۸ |
| باب في الصلاة قبل الجمعة و بعدها | ۲۳۹ |
| باب من يدرک من الجمعة ركعة | ۲۳۹ |
| الجمعة في القرى | ۲۴۰ |
| ابواب العيدين | ۲۴۶ |
| باب في التكبير في العيدين | ۲۴۷ |
| ابواب السفر | ۲۴۹ |
| باب ما جآء في كم تقصر الصلاة | ۲۵۴ |
| باب ما جآء في الجمع بين الصلاتين | ۲۵۵ |

| | |
|---|---|
| باب ما جآء فی صلاة الاستسقاء | ۲۵۷ |
| باب ما جآء فی صلاة الکسوف | ۲۵۹ |
| باب کیف القراءة فی الکسوف | ۲۶۲ |
| باب ما جآء فی صلاة الخوف | ۲۶۳ |
| باب ما جآء فی سجود القرآن | ۲۶۴ |
| باب فی السجدة فی إذا السماء انشقت و اقرأ باسم ربک الذی خلق | ۲۶۶ |
| باب ما جآء فی السجدة فی النجم | ۲۶۶ |
| باب فیمن لم یسجد فیه | ۲۶۷ |
| باب ما جآء فی السجدة فی صٓ | ۲۶۷ |
| باب ما جآء فی السجدة فی الحج | ۲۶۸ |
| باب ما جآء فی الذی یصلی الفریضة ثم یؤم الناس بعد ذلک | ۲۶۹ |
| کتاب الزکاة | ۲۷۱ |
| باب ما جآء فی زکاة الذهب و الفضة | ۲۷۲ |
| باب ما جآء فی زکاة الابل و الغنم | ۲۷۳ |
| باب ما جآء فی زکاة البقر | ۲۷۸ |
| باب ما جآء فی کراهیة اخذ خیار المال | ۲۷۹ |
| باب ما جآء فی صدقة الزرع و الثمر و الحبوب | ۲۸۰ |
| باب ما جآء لیس فی الخیل و الرقیق صدقة | ۲۸۲ |
| باب ما جآء فی زکاة العسل | ۲۸۴ |
| باب ما جآء لا زکاة علی المال المستفاد حتی یحول علیه الحول | ۲۸۶ |
| باب ما جآء لیس علی المسلمین جزیة | ۲۸۷ |
| باب ما جآء فی زکاة الحلی | ۸۹ |
| باب ما جآء فی زکاة الخضراوات | ۲۹۱ |
| باب ما جآء فی زکاة مال الیتیم | ۲۹۳ |
| باب ما جآء ان العجماء جرحها جبار و فی الرکاز الخمس | ۲۹۴ |
| باب ما جآء فی الخرص | ۲۹۷ |
| باب ما جآء ان الصدقة توخذ من الاغنیاء فترد علی الفقراء | ۲۹۸ |
| باب من تحل له الزکاة | ۲۹۹ |
| باب ما جآء فی کراهیة الصدقة للنبی ﷺ | ۳۰۱ |
| باب ما جآء فی الصدقة علی ذی القرابة | ۳۰۲ |
| باب ما جآء فی اعطاء المؤلفة قلوبهم | ۳۰۳ |
| باب ما جآء فی الصدقة عن المیت | ۳۰۴ |
| باب ما جآء فی صدقة الفطر | ۳۰۷ |
| باب ما جآء فی تعجیل الزکاة | ۳۱۴ |
| ابواب الصوم | ۳۱۶ |
| باب ما جآء لا تتقدموا الشهر بصوم | ۳۱۷ |
| باب ما جآء فی کراهیة صوم یوم الشک | ۳۱۸ |
| باب ما جآء ان الصوم لرؤیة الهلال | ۳۱۹ |
| باب ما جآء فی الصوم بالشهادة | ۳۲۱ |
| باب ما جآء لکل اهل بلد رؤیتهم | ۳۲۲ |
| باب ما جآء ان الفطر یوم تفطرون اه | ۳۲۳ |
| باب ما جآء فی بیان الفجر | ۳۲۵ |
| باب ما جآء فی کراهیة الصوم فی السفر | ۳۲۶ |
| باب ما جآء فی الرخصة فی الصوم فی السفر | ۳۲۶ |
| باب ما جآء فی الرخصة فی الافطار للحبلی و المرضع | ۳۲۸ |
| باب ما جآء فی الصوم عن المیت | ۳۲۹ |

باب ما جآء في الكفارة ٣٢٩
باب ما جآء في الصائم يذرعه القئ ٣٣١
باب ما جآء في الصائم ياكل و يشرب ناسيا ٣٣٢
باب ما جآء في كفارة الفطر في رمضان ٣٣٣
باب ما جآء في السواک للصائم ٣٣٨
باب في الكحل للصائم ٣٤٠
باب القبلة للصائم ٣٤٠
باب ما جآء في مباشرة الصائم ٣٤٠
باب ما جآء لاصيام لمن لم يعزم من الليل ٣٤٢
باب ما جآء في افطار الصائم المتطوع ٣٤٣
باب ما جآء في ايجاب القضاء عليه ٣٤٣
باب ما جآء في كراهية صوم ايام التشريق ٣٤٦
باب ما جآء في كراهية الحجامة للصائم ٣٤٧
باب ما جآء في الرخصة في ذلک ٣٤٧
باب ما جآء في تاخير قضاء رمضان ٣٤٩
باب ما جآء في الاعتكاف ٣٤٩
باب ما جآء فيمن اكل ثم خرج يريد سفرا ٣٥١
باب ما جآء في قيام شهر رمضان ٣٥٢
ابواب الحج ٣٥٨
باب ما جآء في ايجاب الحج بالزاد و الراحلة ٣٦١
باب ما جآء في افراد الحج ٣٦٣
باب ما جآء في الجمع بين الحج و العمرة ٣٦٢
باب ما جآء في التمتع ٣٦٢
باب ما جآء في ميقات الاحرام ٣٦٦
باب ما لا يجوز لبسه للمحرم ٣٦٧
اذا لم يجد الازار فليلبس السراويل ٣٦٧
باب ما جآء في كراهية تزويج المحرم ٣٦٨
باب ما جآء في الرخصة في ذلک ٣٦٨
باب ما جآء في اكل الصيد للمحرم ٣٧١
باب ما جآء في كراهية لحم الصيد للمحرم ٣٧٢
باب ما جآء في صيد البحر للمحرم ٣٧٣
باب ما جآء في الضبع يصيبها المحرم ٣٧٤
باب ما جآء في كراهية رفع اليد عند رؤية البيت ٣٧٥
باب ما جآء في الرمل من الحجر إلى الحجر ٣٧٦
باب ما جآء في استلام الحجر و الركن اليماني ٣٧٧
باب ما جآء في السعي بين الصفا و المروة ٣٧٧
باب ما جآء في الصلاة بعد العصر و بعد الصبح في الطواف ٣٧٨
باب ما جآء في الصلاة في الكعبة ٣٧٩
باب ما جآء في تقصير الصلاة بمنى ٣٨٠
باب ما جآء ان عرفة كلها موقف ٣٨١
باب ما جآء في الجمع بين المغرب و العشاء بالمزدلفة ٣٨٢
باب من ادرک الامام بجمع فقد ادرک الحج ٣٨٣
باب ما جآء في الاشتراک في البدنة و البقرة ٣٨٥
باب ما جآء في اشعار البدن ٣٨٥
باب ما جآء في تقليد الغنم ٣٨٦
باب ما جآء فيمن حلق قبل أن يذبح ٣٨٧
باب ما جآء في العمرة واجبة هي ام لا ٣٨٨

باب ما جآء فی الذی یهل بالحج فیکسر او یعرج ۳۸۹
باب ما جآء فی الاشتراط بالحج ۳۸۹
باب ما جآء ان القارن یطوف طوافا و احدا ۳۹۰
باب ما جآء فی المحرم یموت فی احرامه ۳۹۳
ابواب الجنائز ۳۹۴
باب ما جآء فی کم کفن النبی ﷺ ۳۹۴
باب ما جآء فی غسل المیت ۳۹۴
باب ما جآء فی المشی امام الجنازة ۳۹۵
باب ما جآء فی المشی خلف الجنازة ۳۹۵
باب ما جآء فی القراءة علی الجنازة بفاتحة الکتاب ۳۹۶
باب ما جآء فی کراهیة الصلاة علی الجنازة عند طلوع الشمس ۳۹۸
باب فی الصلاة علی الاطفال ۳۹۸
باب ما جآء فی الصلاة علی المیت فی المسجد ۳۹۹
باب این یقوم الامام من الرجل و المرأة ۴۰۰
باب ما جآء فی ترک الصلاة علی الشهید ۴۰۱
باب ما جآء فی الصلاة علی القبر ۴۰۲
باب ما جآء فی صلاة النبی ﷺ علی النجاشی رضی اللہ عنہ ۴۰۳
باب ما جآء فی تسویة القبر ۴۰۴
باب ما جآء فی الدفن باللیل ۴۰۴
ابواب النکاح ۴۰۵
باب ما جآء فی اعلان النکاح ۴۰۷
باب ما جآء لا نکاح إلا بولی ۴۰۹
باب ما جآء لا نکاح إلا ببینة ۴۱۱
باب ما جآء فی استیمار البکر و الثیب ۴۱۱
باب ما جآء فی مهور النساء ۴۱۲
باب ما جآء فی المحل و المحلل له ۴۱۳
باب نکاح المتعة ۴۱۵
باب النهی عن نکاح الشغار ۴۱۶
باب فی الشرط عند عقدة النکاح ۴۱۷
باب ما جآء فی کراهیة مهر البغی ۴۱۸
باب ما جآء فی القسمة للبکر و الثیب ۴۱۹
باب فی الرجل یسلم و عنده عشر نسوة ۴۲۰
باب فی الزوجین المشرکین یسلم احدهما ۴۲۰
ابواب الرضاع ۴۲۲
باب فی شهادة المرأة فی الرضاع ۴۲۳
باب فی الامة تعتق و لها زوج ۴۲۳
باب فی المطلقة ثلاثا لا سکنی لها و لا نفقة ۴۲۵
باب ما جآء لا طلاق قبل النکاح ۴۲۶
باب ما جآء فی الخلع ۴۲۸
باب فی کفارة الظهار ۴۲۹
باب فی الایلاء ۴۳۰
باب فی اللعان ۴۳۰
تین طلاق کا مسئلہ ۴۳۲

قال رسول الله ﷺ من یرد الله به خیرا یفقهه فی الدین (بخاری و مسلم)

الحمد لله رب العالمین و الصلوٰة و السلام علی سید المرسلین و خاتم النبیین سیدنا و مونٰنا محمد و علی آله و صحبه و من تبعهم باحسان الی یوم الدین. اما بعد. فقد قال الله عز و جل ذلک الکتاب لا ریب فیه هدی للمتقین ﴿بقرة﴾ و قال تعالی شانه لقد من الله علی المؤمنین اذ بعث فیهم رسولا من انفسهم یتلوا علیهم آیاته و یزکیهم و یعلمهم الکتاب و الحکمة. و ان کانوا من قبل لفی ضلال مبین﴿﴾ (آل عمران) و قال تبارک و تعالی و انزلنا الیک الذکر لتبین للناس ما نزل الیهم و لعلهم یتفکرون﴿﴾ (نحل) و قال تعالی شانه و ما اٰتاکم الرسول فخذوه و ما نهکم عنه فانتهوا﴿﴾ (حشر) و قال تعالی شانه من یطع الرسول فقد اطاع الله ﴿﴾ (نساء) و قال تعالی شانه و من یشاقق الرسول من بعد ما تبین له الهدی و یتبع غیر سبیل المؤمنین نوله ما تولی و نصله جهنم و ساءت مصیرا﴿﴾ (نساء) و قال تعالی شانه و السابقون الاولون من المهاجرین و الانصار و الذین اتبعوهم باحسان رضی الله عنهم و رضوا عنه و اعدلهم جنات تجری تحتها الانهار خالدین فیها ابدا. ذلک الفوز العظیم﴿﴾ (توبة) و قال تبارک و تعالی شانه فاعتبروا یا اولی الابصار﴿﴾ (حشر) و قال من لا نبی بعده ﷺ ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم بهما کتاب الله و سنة رسوله (موطا مالک. مشکوۃ ص۳۱) و قال خاتم النبیین ﷺ علیکم بسنتی و سنة الخلفاء الراشدین المهدیین تمسکوا بها و عضوا علیها بالنواجذ (ابوداؤد ص۲۸۷ ج۲. ترمذی ص۱۶۲ ج۲ مشکوۃ ص۲۹) و قال ﷺ (فی الجماعة الناجیة) ما انا علیه و اصحابی (ترمذی ص۸۹ ج۲. مشکوۃ ص۳۰) و قال ﷺ ان الله لا یجمع امتی او قال امة محمد ﷺ علی ضلالة و ید الله علی الجماعة و من شذ شذ فی النار (ترمذی ص۳۹ ج۲. مشکوۃ ص۳۰) و قال ﷺ اتبعوا السواد الاعظم فانه من شذ شذ فی النار (ابن ماجه. مشکوۃ ص۳۰) و قال ﷺ ان امتی لا تجتمع علی ضلالة فاذا رأیتم اختلافا فعلیکم بالسواد الاعظم (ابن ماجه ص۲۹۱) و

قال ﷺ من فارق الجماعة شبرا فقد خلع ربقة الاسلام من عنقه (ابوداؤد ص۳۰۷ ج۲. مشکوٰۃ ص۳۱) و قال ﷺ علیکم بالجماعة و العامة (مسند احمد. مشکوٰۃ ص۳۱) و قال ﷺ من یرد الله به خیرا یفقهه فی الدین (بخاری ص۱۶ ج۱ مسلم، مشکوٰۃ ص۳۲) و قال ﷺ خیر امتی قرنی ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم (بخاری ص۵۱۵ ج۱، مسلم ص۳۰۹ ج۲ مشکوٰۃ ص۵۵۳) و قال ﷺ اقتدوا بالذین من بعدی ابی بکر و عمر رضی الله عنهما (ترمذی ص۲۰۷ ج۲، مشکوٰۃ ص۵۶۰) و قال ﷺ ان الله جعل الحق علی لسان عمر رضی الله عنه و قلبه (ترمذی ص۲۰۹ ج۲، مشکوٰۃ ص۵۵۷) و قال ﷺ اذا حکم الحاکم فاجتهد و اصاب فله اجران و اذا حکم فاجتهد و اخطأ فله اجر واحد (بخاری ص۱۰۹۲ ج۲، مسلم ص۷۶ ج۲) و قال ﷺ (لمعاذ بن جبل رضی الله عنه) لما بعثه الی الیمن کیف تقض اذا عرض لک قضاء قال اقضی بکتاب الله قال فان لم تجد فی کتاب الله قال فبسنة رسول الله ﷺ قال فان لم تجد فی سنة رسول الله ﷺ قال اجتهد رأیی ولا آلو قال فضرب رسول الله ﷺ علی صدره و قال الحمد لله الذی وفق رسول رسول الله ﷺ لما یرضی به رسول الله ﷺ (ابوداؤد ص۵۰۵ ج۲. ترمذی ص۱۵۹ ج۱، مسند احمد ص۲۳۰ ج۵، دارمی ص۲۴، مشکوٰۃ ص۳۲۴) و قال ﷺ من احدث فی امرنا هذا ما لیس منه فهو رد (بخاری ص۳۷۱ ج۱، مسلم ص۷۷ ج۲، مشکوٰۃ ص۲۷).

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اسلامی فقہ اسلامی قانون ہے

(۱) ''اسلامی فقہ'' (فقہ حنفی ہو یا فقہ شافعی، فقہ مالکی ہو یا فقہ حنبلی) سراپا قرآن مجید اور احادیث و آثار سے ماخوذ ہے۔ اہلِ علم جانتے ہیں کہ کتب حدیث کے شارح محدثین کرام نے اپنی شروح میں آغاز سے انتہا تک ہزاروں مسائلِ فقہیہ ذکر کئے ہیں ہر مسئلہ کے تحت ائمہ اربعہ رحمہم اللہ تعالیٰ (امام ابو حنیفہؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمدؒ) کے مسالک، دلائل، توجیہات، ترجیحات اور جوابات بالتفصیل ذکر کئے ہیں ملاحظہ ہو.

علامہ عینی حنفیؒ کی عمدۃ القاری شرح بخاری، حافظ ابن حجر شافعیؒ کی فتح الباری شرح بخاری، علامہ انور شاہ کشمیری حنفیؒ کی فیض الباری املائی شرح بخاری، علامہ نووی شافعیؒ کی المنہاج شرح مسلم، علامہ شبیر احمد عثمانیؒ حنفی کی فتح الملہم شرح مسلم، محدث ابو بکر ابن العربیؒ مالکی کی عارضۃ الاحوذی شرح ترمذی، محدث محمد یوسف بنوریؒ حنفی کی معارف السنن شرح ترمذی، علامہ سیوطی شافعیؒ کی مرقات الصعود شرح ابوداؤد، محدث خلیل احمد حنفی کی بذل المجھود شرح ابوداؤد، شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا حنفیؒ کی اوجز المسالک شرح مؤطا مالک، محدث ابن العربی مالکیؒ کی التمہید شرح مؤطا مالک، نیز محدث ابن قدامۃ حنبلیؒ کی ممتاز تصنیف المغنی، علامہ نووی شافعیؒ کی شرح المہذب، علامہ جمال الدین زیلعی حنفیؒ کی نصب الرایہ اور علامہ ظفر احمد عثمانی حنفیؒ کی اعلاء السنن۔

پھر جس طرح ہر مکتبۂ فکر (حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی) کے محقق محدثین فقہاء نے ہزاروں فقہی مسائل و دلائل کے مباحث مذکورہ کتابوں میں لکھے ہیں اسی طرح اہلِ حدیث (غیر مقلدین) علماء کرام نے بھی کتب حدیث کی شروح میں بعینہٖ وہی مباحث درج کئے ہیں۔ ملاحظہ ہو مولانا عبد الرحمٰن مبارکپوریؒ کی تحفۃ الاحوذی شرح ترمذی، مولانا شمس الحقؒ کی عون المعبود شرح ابوداؤد۔

اب بعض غیر مقلدین حضرات کا ''فقہ اسلامی'' کو کتاب اللہ و حدیث کے خلاف کہنا اور لکھنا اور اس سے امت مسلمہ کو نفرت دلانا ملتِ اسلامیہ پر سراسر ظلم اور بہت بڑا جرم ہے۔ کیونکہ فقہ اسلامی کا انکار قرآن و حدیث کے انکار کو مستلزم ہے (العیاذ باللہ)۔

(۲) ''اسلامی فقہ'' اسلامی قانون ہے۔ لاریب ہدایت اور اسلامی احکام کا سرچشمہ قرآن و

حدیث ہے۔ ظاہر ہے کہ قرآن حکیم میں زیادہ تر اصول ہدایت کا ذکر ہے احکام بہت کم بیان کئے گئے ہیں۔ حدیث شریف جو قرآن مجید کی شرح ہے اس میں احکام کثرت سے مذکور ہیں مگر ان کا ذکر ایمانیات و اخلاق کے ساتھ مخلوط ہے۔ علماء اسلام نے امتِ مسلمہ کی سہولت کی خاطر ایمانیات کو الگ مرتب کیا اس کا نام ''علم الکلام'' رکھا اور اس پر کتابیں لکھیں اور اخلاق کو جدا مرتب کر کے اس کا نام ''علم التصوف'' رکھا اور اس پر کتابیں تصنیف کیں اسی طرح احکام کو الگ مرتب کر کے اس کا نام ''علم الفقہ'' رکھا اور اس پر بے شمار کتابیں مرتب کیں۔

ماضی میں جب بھی اسلامی قانون کسی مسلمان ملک میں نافذ کیا گیا تو ''اسلامی فقہ'' کی صورت میں نافذ کیا گیا۔ ماضی کی طویل تاریخ دہرانے کی ضرورت نہیں ہے حال کو دیکھ لیجئے۔ پچاس ساٹھ سال سے ''سعودی مملکت'' میں اسلامی قانون ''فقہ حنبلی'' کی صورت میں نافذ ہے ہر سال اقوامِ متحدہ کی رپورٹ یہی ہوتی ہے کہ سب سے کم جرائم مملکت سعودیہ میں ہوتے ہیں اگر امریکہ اور یورپین ممالک میں جرام کی شرح نوے فی صد ہے تو سعودی عرب میں ایک فی صد سے بھی کم ہے۔ وہاں عدل و انصاف کے ادارے بہت کم ہیں پھر بھی ان میں مقدمات بہت کم آتے ہیں۔ مقدمۂ قتل کا فیصلہ عموماً تین ماہ میں ہو جاتا ہے اور دیوانی مقدمہ ایک ماہ میں ختم ہو جاتا ہے۔ ابھی چند سال پہلے امارت اسلامیہ افغانستان میں فقہ حنفی کا قانون نافذ کیا گیا ہے جس میں مثالی و معیاری امن و انصاف کے نظام نے ساری دنیا کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا ہے۔ قانون کا تعلق دراصل انسانی حقوق سے ہوتا ہے تاکہ انسان کی جان و مال، عزت و آبرو اور عقل و خرد محفوظ رہے اس مقصد کے لحاظ سے سب فقہیں یکساں ہیں اور سب امن و انصاف کی ضامن ہیں چنانچہ سعودی عرب میں فقہ حنبلی اور افغانستان میں فقہ حنفی کے نفاذ سے نتیجہ میں کوئی فرق نہیں ہے کیونکہ ظلم و بدعنوانی اور حرام خوری کے سارے اسباب بالاتفاق ممنوع ہیں۔ چوری، ڈاکہ، رشوت، ملاوٹ، شراب نوشی، زنا، قذف، عریانی، فحاشی کے تمام مظاہر ہر اسلامی فقہ میں جرم ہیں۔ ان پر عبرت ناک سزائیں مقرر ہیں۔ نظام صلاۃ، نظام زکاۃ، معروف کی اشاعت، منکر کی ممانعت پر سب متفق ہیں۔ لہٰذا اسلامی قانون کی مخالفت کرنا اور اس سے امتِ مسلمہ کو نفرت دلانا دراصل اسلامی قانون کے نفاذ میں رکاوٹ ڈالنا ہے۔ خدا کرے یہ رکاوٹ بہت جلد ختم ہو جائے تاکہ پاکستان اور دیگر اسلامی ممالک کے باشندے سعودی عرب اور افغانستان کے باشندوں کی طرح اسلامی قانون کی برکات سے مستفیض ہو سکیں۔ آمین

(۳) فقہ حنفی کی بنیاد شورائی اجتہاد پر ہے و شاورھم فی الامر اور و امرھم شوریٰ میں اس کی ترغیب ہے۔ امام ابو حنیفہؒ نے سب سے پہلے محدثین فقہاء اور علوم عربیت کے ماہر علماء کو جمع کیا جنہوں نے پورے غور و خوض اور بحث و تحقیق کے بعد فقہ حنفی کو مرتب کیا اس شوریٰ میں یہ اکابر شامل تھے۔ (۱) امام محمدؒ (۲) امام ابو یوسفؒ (۳) امام زفرؒ (۴) حسن بن زیادؒ (۵) عافیہؒ (۶) داؤد الطائیؒ (۷) اسد بن عمروؒ (۸) قاسم بن معنؒ (۹) علی بن مسہرؒ (۱۰) مندل بن علیؒ (۱۱) حبان بن علیؒ۔ کبار علماءؒ نے فقہ حنفی کی تدوین میں مختلف اوقات میں حصہ لیا۔ پوری آزادی کے ساتھ ایک ایک مسئلہ میں غور و فکر ہوتا، بحث و مذاکرہ ہوتا بعض اوقات کئی کئی روز کبھی مہینہ بھر یہ تحقیق و بحث جاری رہتی (مقدمہ نصب الرایہ للکوثریؒ و تاریخ بغداد)۔ اس وقت تراسی ہزار مسئلے مدون ہوئے (ذیل الجواہر لملا علی قاریؒ ص ۴۷۴ ج ۲) امام شافعیؒ کا مشہور ارشاد ہے الناس فی الفقه عیال علی أبی حنیفة (تذکرة الحفاظ) کہ لوگ فقہ میں امام ابو حنیفہؒ کے خوشہ چین ہیں۔ امام اعظم ابو حنیفہؒ نے امت مسلمہ کی خیر خواہی کے لئے سب سے پہلے شرعی احکام کو مدون و مرتب اور مبوب کیا بعد میں امام مالکؒ و دیگر اکابر نے تدوین و ترتیب کا طرز اختیار کیا (تبییض الصحیفه للسیوطیؒ ص ۳۶۔ مقام ابی حنیفہؒ ص ۱۰۶)۔ بعد میں محققین احنافؒ نے اسلامی تمدن کی وسعت کی بنا پر جدید پیش آمدہ مسائل، حوادث و نوازل اور محتمل صورتوں کو سامنے رکھ کر فقہی احکام مرتب کئے اب کل تعداد تقریباً گیارہ لاکھ ستر ہزار ہے (البنایہ شرح الھدایہ ص ۳۷ ج ۱) ان وجوہ و دیگر متعدد وجوہ کی بنا پر فقہ حنفی سب سے پہلے اور سب سے زیادہ اسلامی دنیا میں مقبول ہوئی۔ آغاز سے لے کر آج تک دنیا کے اکثر مسلمان فقہ حنفی کے پیروکار ہیں۔ ۲۲۸ھ میں جب عباسی خلیفہ واثق باللہؒ نے سدِ سکندری کا حال دریافت کرنے کیلئے کچھ لوگ بھیجے تو انہوں نے وہاں کے لوگوں کو حنفی المذہب پایا۔ اہل حدیث کے راہنما نواب صدیق حسن خانؒ لکھتے ہیں:

محافظان سد کہ دراں جا بودند ہمہ دین اسلام داشتند و مذہب حنفی و زبان عربی و فارسی میگفتند اما از سلطنت عباسیہ بے خبر بودند (ریاض المرتاض ص ۲۱۶ بحوالہ خیر التنقید ص ۲۳)

مشہور مؤرخ ابن خلدون مالکیؒ لکھتے ہیں۔

حضرت امام ابو حنیفہؒ کے مقلد اس وقت عراق، ہندوستان، چین، ما وراء النہر و بلاد العجم کلھا میں پھیلے ہوئے ہیں (مقدمہ ابن خلدون ص ۴۴۵۔ الکلام المفید ص ۱۱۴) بلاد العجم کلھا ملحوظ رہے۔

عرب کے مشہور و معروف مورخ علامہ شکیب ارسلانؒ المتوفی ۱۳۶۶ھ فرماتے ہیں

مسلمانوں کی اکثریت حضرت امام ابو حنیفہؒ کی پیرو و مقلد ہے یعنی سارے ترک اور بلقان کے مسلمان، روس اور افغانستان کے مسلمان، چین کے مسلمان، ہندوستان اور عرب کے اکثر مسلمان، عراق و شام کے اکثر مسلمان فقہ میں حنفی مسلک رکھتے ہیں اور سوریا (شام) کے بعض اور حجاز یمن، حبشہ، جاوا، انڈونیشیا اور کردستان کے مسلمان حضرت امام شافعیؒ کے مقلد ہیں۔ اور مغرب کے مسلمان، مغربی اور وسط افریقہ کے مسلمان اور مصر کے کچھ لوگ حضرت امام مالکؒ کے مقلد ہیں اور عرب کے بعض مسلمان اور شام کے بعض باشندے جیسے نابلس اور دومہ کے رہنے والے حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے مقلد ہیں۔ (حاشیہ حسن المساعی ص ۲۹، الکلام المفید ص ۱۱۴)

(۴) جیسے قراءت سبعہ قطعی وحق ہیں مگر جس ملک میں ان میں سے ایک قراءت مروج و معمول بہا ہو جیسے پاکستان وغیرہ میں قراءتِ امام عاصم کوفیؒ بروایت حفصؒ معمول بہا ہے تو وہاں بالاتفاق اس ایک قراءت کو پڑھنے پڑھانے کا عمل اختیار کیا جاتا ہے باقی قراءت صرف خاص قراء کرام خصوصی طور پر پڑھتے ہیں عمومی عمل میں ان کو اختیار نہیں کیا جاتا تاکہ امت میں وحدت باقی رہے اور وہ تشتت و انتشار کا شکار نہ ہو اسی طرح جس ملک میں کسی ایک فقہ کے پیروکار زیادہ ہوں تو وہاں سب مسلمانوں کو قانون کی لائن میں اس کی پیروی و اتباع کرنی چاہئے تاکہ امت کا نظام وحدت مختل نہ ہو جیسا کہ آج کل سعودی مملکت میں سب مسلمان فقہ حنبلیؒ کی پیروی کرتے ہیں اور افغانستان کی طالبان حکومت میں سب مسلمان فقہ حنفی پر کاربند ہیں۔ لہذا پاکستان جیسے مسلمان ملکوں میں جہاں حنفی غالب اکثریت میں ہیں فقہ حنفی کا قانون نافذ ہونا چاہئے اور سب مسلمانوں کو اس کی پیروی کرنی چاہئے۔

اللھم ارنا الحق حقاً و ارزقنا اتباعہ. آمین

فیض احمد غفرلہ

۱۵/ربیع الاول ۱۴۲۲ھ

# کتاب الطهارة

**قوله تعالی یا ایها الذین آمنوا اذا قمتم الی الصلوٰة. الأیة.**

احادیث باب اس آیت کریمہ سے متعلق ہیں۔ گویا اس کی شرح ہیں عن ابن عمر رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال لا تقبل صلوة بغیر طهور و لا صدقة من غلول . یہ حدیث مسلم، ابوداوٗد، نسائی، ابن ماجہ میں بھی ہے۔

**مسئلہ:** باجماع امت طہارت نماز کے لئے شرط ہے۔ حدیث باب اس پر نص ہے۔

**مسئلہ:** ائمہ اربعہؒ کے ہاں نماز جنازہ اور سجدہ تلاوت کے لئے طہارت شرط ہے۔ حدیث باب ان کی دلیل ہے کہ احادیث میں نماز جنازہ پر صلوۃ کا لفظ بولا گیا ہے اور سجدہ نماز کا اہم جزء ہے۔

امام بخاریؒ کے ہاں طہارت نماز جنازہ کے لئے تو شرط ہے۔ سجدہ تلاوت کے لئے شرط نہیں ہے۔ موصوف نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے اثر سے استدلال فرمایا ہے۔ عن ابن عمر رضی اللہ عنہ انه کان یسجد علی غیر وضوء.

**جواب:** مرفوع کے مقابلہ میں موقوف مرجوح ہے۔

**مسئلہ فاقد الطَّهورین:** ایک شخص ایسے مکان میں محبوس ہے جہاں پاک پانی اور پاک مٹی میسر نہیں (بدائع و صنائع) یا مرض کی وجہ سے طہورین کے استعمال سے عاجز ہے تو وہ بھی فاقد الطہورین ہے (شامی ص۱۸۵ ج ۱)۔ حدثِ اصغر و حدثِ اکبر کا حکم یکساں ہے۔ امام اعظم ابوحنیفہ کے ہاں اس کے لئے ادا جائز نہیں ۔ قضا واجب ہے ۔ امام شافعیؒ کے اصح قول میں اداء اور قضا دونوں واجب ہیں۔ امام مالکؒ کے ہاں نہ ادا ہے نہ قضا ہے۔ امام احمدؒ کے ہاں ادا ضروری ہے قضا نہیں ہے۔ شافعیہ کا ایک قول امام ابوحنیفہؒ کے موافق ہے اور ایک قول امام احمدؒ کے موافق ہے چوتھا قول ادا مستحب ہے قضا واجب ہے (شرح المهذب ص ۲۸۰ ج ۲)۔

**امام ابوحنیفة کی دلیل:** (۱) حدیث باب ہے کہ بدوں طہور نماز درست نہیں۔ (۲) ایک حدیث میں ہے کہ حضرت عمرو حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما سفر پر تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جنابت لاحق ہوئی۔ پانی نہیں تھا اور تیمم للجنابت کا علم بھی نہیں تھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھی۔ نہیں حضرت عمر و حضرت عمار رضی اللہ عنہما کا اس پر مذاکرہ بھی ہوا (مسلم باب التیمم ص ۱۶۱ ج ۱، ابوداؤد

باب التیمم ص ۵۲ ج ۱) ۔ (۳) علامہ شبیر احمد عثمانیؒ فتح الملہم شرح مسلم ص ۳۸۷ ج ۱ پر لکھتے ہیں و ظاهر سياق آية النساء يا أيها الذين آمنوا لا تقربوا الصلوة الآية ايضا يدل على النهي عن قربان الصلوة للجنب قبل الاغتسال في جميع الاحوال.

**صاحبینؒ:** (امام ابو یوسفؒ و امام محمدؒ) کے ہاں تشبہ بالمصلین واجب ہے اور بعد از قدرت قضا واجب ہے۔ تشبہ بالمصلین یہ ہے کہ نماز کی نیت کے بغیر اور قراءت کے بغیر صرف قیام۔ رکوع۔ سجود کرے۔ بقول بعض رکوع و سجود بھی اشارہ سے کرے۔ شامی ص ۱۸۵ ج ۱ میں ہے و به يفتى و اليه رجوع الامام ابى حنيفةؒ كما في الفيض. علامہ شبیر احمد عثمانیؒ فرماتے ہیں و لهذا التشبه نظائر في الاخبار و الآثار فقد روى ابوداؤد ص ۳۳۹ ج ۱ باب ما روى ان عاشوراء اليوم التاسع ان رسول الله ﷺ قال لاسلم (اسم القبيلة) صمتم يومكم هذا قالوا لا قال فاتموا بقية يومكم و اقضوه قال ابوداؤد يعني صوم عاشوراء على هذا حضرت عبد اللہ بن عمر حضرت عبد اللہ بن عباس حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص ؓ کے آثار سے سنن بیہقی میں اور حضرت عمر حضرت علی حضرت ابو ہریرہ ؓ سے مؤطا مالک میں افساد حج کی صورت میں تشبہ بالحجاج ثابت ہے (فتح الملهم ص ۳۸۷ ج ۱). علامہ انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں تشبہ کا مسئلہ قیاس سے بھی ثابت ہے جس کی بنیاد ''اجماع'' ہیں (۱) اس پر اجماع ہے کہ رمضان کا روزہ فاسد کرنے سے بقیہ یوم تشبہ بالصائمین لازم ہے نیز رمضان کے دن میں بچہ بالغ ہو یا مسافر مقیم ہو۔ یا حائضہ پاک ہو تو بقیہ یوم تشبہ لازم ہے۔ (۲) اس پر بھی اجماع ہے کہ افساد حج کی صورت میں تشبہ بالحجاج لازم ہے کہ افعال حج جاری رکھے پھر اگلے سال حج قضا کرے جب روزہ و حج میں تشبہ ثابت ہے تو نماز میں بھی تشبہ ہونا چاہئے (معارف السنن شرح ترمذی ص ۳۲ ج ۱).

**وجوبِ قضا کی دلیل:** عن ابن عباس ؓ قال رسول الله ﷺ دين الله احق ان يقضى (بخاری باب من مات و علیه صوم ص ۲۶۲ ج ۱ و مسلم باب قضاء الصوم ص ۳۶۲ ج ۱ و مسند احمد) (ملتقط من معارف السنن ص ۳۱ ج ۱، فتح الملهم ص ۳۸۷ ج ۱، بذل المجهود ص ۳۷ ج ۱ و ص ۹۰ ج ۱).

# باب ما جاء ان مفتاح الصلوة الطهور

عن علي ؓ عن النبي ﷺ قال مفتاح الصلوة الطهور و تحريمها التكبير و تحليلها

التسلیم.

**مسئله:** امام ابوحنیفہؒ و امام محمدؒ کے ہاں افتتاح صلوۃ کے لئے ہر وہ لفظ جو تعظیم خداوندی پر دال ہو کہنا فرض ہے اور خاص اللہ اکبر کہنا واجب ہے۔ أئمہ ثلثہؒ (امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبلؒ) کے ہاں اللہ اکبر کہنا فرض ہے۔

**امام ابوحنیفۃ کی دلیل:** (۱) قوله تعالیٰ و ذکر اسم ربه فصلی (پارہ ۳۰) ذکر اسم سے مراد تحریمہ ہے۔ (۲) حدیث باب ہے و تحریمها التکبیر. تکبیر کے لغوی معنی تعظیم کے ہیں۔ جیسے و ربک فکبر (پارہ ۲۹) فلما رأینه اکبرنه (پارہ ۱۲) میں تعظیم کے معنی مراد ہیں۔ لہذا تکبیر والی احادیث سے مراد بھی تعظیمی الفاظ ہیں۔ (۳) عن ابی العالیۃ و انه سئل بأی شیئ کان الانبیاء علیهم السلام یستفتحون الصلوة قال بالتوحید و التسبیح و التهلیل (مصنف ابن ابی شیبہ باب ما یجزئ من افتتاح الصلوۃ ص ۲۳۸ ج ۱). (۴) عن ابراهیم النخعیؒ قال اذا سبح او هلل اجزأه فی الافتتاح. (۵) عن الحکمؒ قال اذا سبح او هلل فی افتتاح الصلوة اجزأه من التکبیر. (۶) عن الشعبیؒ قال بأی اسماء الله تعالیٰ افتتحت الصلوة اجزأت. یہ تینوں آثار بھی ابن ابی شیبہ ص ۲۳۸ ج ۱ میں ہیں۔

**أئمه ثلثۃ کی دلیل:** حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث باب ہے کہ تعریف طرفین موجب حصر ہے نیز یہ حدیث ابوداؤد، ابن ماجہ، مسند امام احمد میں بھی ہے۔ (۲) بہت سی احادیث سے آنحضرت ﷺ کا اللہ اکبر پر مواظبت و مداومت کرنا ثابت ہے۔

**جواب:** یہ سب احادیث أخبار آحاد ہیں جن سے زیادہ سے زیادہ وجوب ثابت ہو سکتا ہے جس کے ہم قائل ہیں تو مطلق ذکر الٰہی قطعی دلیل قرآن مجید سے ثابت ہے اور فرض ہے۔ خاص اللہ اکبر خبر واحد سے ثابت ہے اور واجب ہے۔

**فائده:** دلیل کی چار قسمیں ہیں۔ (۱) قطعی الثبوت قطعی الدلالۃ جیسے قرآن مجید کی آیت اور خبر متواتر جس کی دلالت اپنے مدلول پر واضح ہو کوئی دوسرا احتمال نہ ہو۔ اس سے امر میں فرضیت اور نہی میں حرمت ثابت ہوتی ہے۔ (۲) قطعی الثبوت ظنی الدلالۃ جیسے آیت کریمہ میں متعدد معانی کا احتمال ہو۔ (۳) ظنی الثبوت قطعی الدلالۃ جیسے خبر واحد جس کی دلالت اپنے مدلول پر قطعی اور واضح ہو ان دونوں قسموں سے امر میں کبھی وجوب اور کبھی سنیت ثابت ہوتی ہے۔ (۴) ظنی الثبوت ظنی الدلالۃ جیسے خبر

واحد جو متعدد معانی کا احتمال رکھتی ہو۔ اس سے امر میں استحباب اور نہی میں کراہت تنزیہی ثابت ہوتی ہے (معارف السنن ص ۵۹ ج ۱ و العرف الشذی ص ۱۵ ج ۱)

## و تحليلها التسليم

**مسئله:** امام ابوحنیفہؒ و صاحبینؒ کے ہاں نماز سے خروج کے لئے ''تسلیم'' (السلام علیکم) کہنا واجب ہے۔ ائمہ ثلثہؒ کے ہاں فرض ہے۔

**حنفیه کی دلیل:** (۱) عن عبد الله بن مسعود ﷛ اخذ رسول الله ﷺ بیده فعلمه التشهد فی الصلوٰة ____ اذا قلت هذا او قضيت هذا فقد قضيت صلوتک ان شئت ان تقوم فقم و ان شئت ان تقعد فاقعد (ابوداؤد باب التشهد ص ۱۴۲ ج ۱ و مسند احمد و الطحاوی و الدارقطنی و البیهقی) قضا کے لفظ سے اور قیام وقعود میں تخییر سے واضح ہوا کہ نماز کا کوئی فرض باقی نہیں رہا۔ (۲) حضرت رفاعہ ﷛ کی مرفوع حدیث جو قصہ مسیئ الصلوۃ کے بارے میں ہے۔ اس کے آخر میں ہے ثم اجلس فاطمئن جالسا ثم قم فاذا فعلت ذلک فقد تمت صلوتک و ان انتقصت شيئا انتقصت من صلوتک۔ (ترمذی باب ما جاء فی وصف الصلوة ص ۴۰ ج ۱ و ابوداؤد و النسائی) (۳)عن عبد الله بن عمرو بن العاص ﷛ ان رسول الله ﷺ قال اذا قضى الامام الصلوة و قعد فاحدث قبل ان يتكلم فقد تمت صلوته (ابوداؤد ص ۹۸ ج ۱ و الترمذی و الدارقطنی و البیهقی و الطحاوی) گو یہ حدیث ضعیف ہے مگر درجہ تائید میں پیش کی جا سکتی ہے۔ (۴) حدیث باب کے راوی حضرت علی ﷛ کا فتویٰ ہے اذا رفع راسه من آخر سجدة فقد تمت صلوته (طحاوی ص ۱۹۳ ج ۱ باب السلام فی الصلوة کتاب الام للامام الشافعی و الدارقطنی و البیهقی) بیہقی میں یہ الفاظ ہیں اذا جلس مقدار التشهد ثم احدث فقد تم صلوته. حدیث کا راوی بالخصوص خلیفہ راشد ﷛ حدیث کا مفہوم بہتر سمجھتا ہے۔ اس سے واضح ہوا کہ تسلیم فرض نہیں ہے۔

**ائمه ثلثة کی دلیل:** (۱) حضرت علی ﷛ کی حدیث باب ہے ''و تحليلها التسلم'' کہ یہ کلمہ حصر ہے کہ صرف تسلیم سے نماز سے باہر آ سکتا ہے۔ (۲) نیز اس مضمون کی مرفوع حدیث حضرت ابوسعید خدری ﷛ سے ترمذی و ابن ماجہ میں (۳) حضرت عبد اللہ بن زید ﷛ سے دارقطنی و طبرانی اوسط میں (۴) حضرت ابن عباس ﷛ نے طبرانی کبیر میں بھی مروی ہے کذا فی نصب الراية ص ۳۰۷ ج ۱.

**جواب:** یہ سب اخبارآحاد ہیں جن سے وجوب ثابت ہوسکتا ہے جس کے ہم قائل ہیں۔ دراصل یہ بھی احناف کے دلائل ہیں فرضیت کے لئے قطعی دلیل درکار ہے (معارف السنن ص ۵۰ ج۱۔ فتح الملہم ص۱۰۰ ج۱، بذل المجہود ص ۳۹ ج۱۔ اوجز المسالک ص ۲۷۳ ج۱۔ شرح المہذب للنووی ص ۲۸۹ ج ۳۔ المغنی لا بن قدامة ص ۵۰۵ ج۱)۔

# باب النهى عن استقبال القبلة

## بغائط أو بول

عن ابی ایوب الانصاری رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ اذا أتيتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة بغائط و لا بول و لا تستدبروها و لکن شرقوا او غربوا قال ابوايوب رضی اللہ عنہ فقدمنا الشام فوجدنا مراحيض قد بنيت مستقبل القبلة فننحرف عنها و نستغفر الله. یہ حدیث صحاح ستہ کی تمام کتابوں میں ہے۔

**مسئله:** قضائے حاجت کے وقت استقبال و استدبار قبلہ کے بارے میں سلف کے آٹھ قول ہیں۔ ان میں سے اہم چار ہیں:۔ (۱) امام ابوحنیفہؒ و امام محمدؒ کے ہاں مطلقا منع اور مکروہ تحریکی ہے۔ (۲) امام شافعیؒ و امام مالکؒ کے ہاں صحراء اور میدان میں دونوں منع ہیں۔ بیت الخلاء اور چار دیواری میں دونوں جائز ہیں۔ (۳) داؤد و ظاہریؒ وغیرہ کے ہاں مطلقا دونوں جائز ہیں۔ (۴) امام ابوحنیفہؒ و امام احمدؒ کی ایک ایک روایت مین استقبال مطلقاً منع ہے۔ صحراء ہو یا چار دیواری۔ استدبار مطلقاً جائز ہے صحراء ہو یا چار دیواری۔

**امام ابوحنیفة کی دلیل:** (۱) حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی حدیث باب ہے یہ عام قانون اور قاعدہ کلیہ ہے اور امت کو اس کا حکم ہے پھر خود ابوایوب رضی اللہ عنہ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی جماعت نے اس کو عام سمجھا ہے جیسا کہ فقدمنا الشام اھ سے واضح ہے۔ (۲) حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث ہے لقد نهانا (رسول الله ﷺ) ان نستقبل القبلة بغائط أو بول. (مسلم. ابوداؤد. نسائی. ابن ماجة) (۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث ہے اذا أتى احدكم الغائط فلا يستقبل القبلة و لا يستدبرها (مسلم. ابوداؤد. نسائی. ابن ماجه) (۴) حضرت عبد اللہ بن الحارث رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث ہے لا يبولن احدكم مستقبل القبلة (ابن ماجه و ابن حبان و صححه) (۵) حضرت معقل

رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث ہے نهى رسول الله ﷺ ان نستقبل القبلتين ببول او غائط (ابوداؤد. ابن ماجه) یہ سب مرفوع صحیح وصریح حدیثیں مطلق ممانعت پر دال ہیں۔ میدان وعمارت کا کوئی فرق نہیں۔ نیز ممانعت کی علت احترام قبلہ ہے جو عام ہے صحراء وعمارت کو شامل ہے تو حکم بھی عام ہونا چاہئے۔

**وجوبِ احترام کے دلائل:** ارشاد ربانی ہے۔ جعل الله الكعبة البيت الحرام (سوره مائدة) و من يعظم حرمات الله فهو خير له (الحج) و من يعظم شعائر الله فانها من تقوى القلوب (الحج) اس لئے قبلہ کی طرف تھوکنا ممنوع ہے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث ہے۔ من تفل تجاه القبلة جاء يوم القيامة و تفله بين عينيه (صحيح ابن حبان و صحيح ابن خزيمة) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث ہے يبعث صاحب النخامة فی القبلة يوم القيامة و هی وجهه (صحيح ابن خزيمة)

**امام مالکؒ و امام شافعیؒ کی دلیل (۱):** عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال رقيت يوما على بيت حفصة رضی الله عنها فرأيت النبي ﷺ على حاجته مستقبل الشام مستدبر الكعبة (بخاری، مسلم، ترمذی) اس سے استدبار ثابت ہے۔ استقبال کو اس پر قیاس کرتے ہیں یہ صحیح ممانعت کی احادیث کے لئے مخصص ہے۔ گویا تطبیق یہ ہے کہ منع کی حدیثیں صحراء اور میدان پر محمول ہیں جواز کی حدیثیں عمارت اور چار دیواری محمول ہیں۔

**جواب:** (۱) محدثین کے اصول پر قاعدہ کلیہ واقعہ جزئیہ سے راجح ہوتا ہے۔ (۲) قول فعل سے راجح ہے۔ (۳) محرم مبیح سے راجح ہے۔ (۴) منع کی احادیث امت کے لئے قانون ہیں۔ اباحت کی حدیث آپ ﷺ کی خصوصیت پر محمول ہے۔ (۵) عذر پر محمول ہے۔ و غير ذلک من الاجوبة. نیز حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے قصداً نہیں دیکھا تھا۔ نہ ایسی حالت میں کوئی کسی کو دیکھتا ہے تو ایسی سرسری رویت کو مسئلہ کی بنیاد بنانا درست نہیں بالخصوص قانون و ضابطہ کے مقابلہ میں۔

**فائدہ:** مذاہب اربعہ کے معتمد علماء کرام نے لکھا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے فضلات پاک تھے۔ حافظ ابن حجرؒ شافعی نے التخليص الحبير میں علامہ شامی حنفیؒ نے ردالمحتار ص ۲۲۳ ج ۱ باب الأنجاس میں اس کی تصریح کی ہے۔ علامہ عینیؒ نے عمدة القاری شرح بخاری میں ملا علی قاریؒ نے مرقات شرح مشکوۃ میں یہی لکھا ہے اور شرح شمائل الترمذی باب ما جاء فی تعطره ﷺ میں تو ملا علی قاری نے طویل بحث کی ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے کہ آپ ﷺ کے